قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے تیسرےراؤنڈ کا دوسرا روز مکمل

- سنٹرل پنجاب کے اوپنر علی زریاب کی سنچری
- بلوچستان کے جلات خان کی 7 وکٹیں
- خیبرپختونخوا کے خلاف سدرن پنجاب کی پوزیشن مستحکم
- ناردرن اور سندھ کا میچ مسلسل دوسرے روز بارش سے متاثر

لاہور، 27 ستمبر 2019ء:

لاہور سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن گراؤنڈ لاہور میں جاری کھیل کا دوسرا روز میزبان ٹیم کے نام رہا۔ دن کے اختتام پر سنٹرل پنجاب کی پہلی اننگز کے جواب میں بلوچستا ن کی ٹیم دوسری اننگز مینبھی 11 رنز کے خسارے میں ہے۔میچ کے دوسرے روز سنٹرل پنجاب کے اوپنرز علی زریاب اور محمد اخلاق نے ا ننگز کا آغاز کیا تو دونوں کے درمیان 193 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ علی زریاب نے سنچری اسکور کی۔ انہوں نے 13 چوکوں کی مدد سے 107 رنز بنائے۔ محمد اخلاق 83 رنز بنا کرآؤٹ ہوئے۔ ان کی اننگز میں 9 چوکے اور 1 چھکا شامل تھا تاہم سنٹرل پنجاب کا مڈل آرڈر بری طرح ناکام ہوگیا۔ٹیم کے 7 کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل ہونے میں ناکام رہے۔ زاہد منصور، علی وقاص، ایاز تصور،فرحان خان،احمد صفی عبداللہ ، محمد عبداللہ اور اعزاز چیمہ ڈبل فگر میں داخل نہیں ہوسکے۔سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم 349 رنز بنا کر
آو

ٹ ہوگئی۔ بلوچستان کی جانب سے جلات خان نے 7 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ 14 رنز کے خسارے میں موجود مہمان ٹیم کی جانب سے اسامہ رزاق اور نائٹ واچ مین گلریز صدف نے دوسری اننگز کا آغاز کیا۔دن کے اختتام پر بلوچستان نے بغیر کسی نقصان کے 3 رنز بنالیے ہیں۔

دوسری جانب حیات آباد اسپورٹس کمپلیکس پشاور میں جاری میچ میں سدرن پنجاب کی

پوزیشن مستحکم ہے۔ 346 رنز کے تعاقب میں سدرن پنجاب کی ٹیم نے پہلی اننگز میں348 رنز بنائے۔جواب میں خیبرپختونخوا کے 33 رنز پر 3 کھلاڑی آؤٹ ہوچکے ہیں۔دن کے دوسرے روز سدرن پنجاب نے 1 وکٹ کے نقصان پر 16 رنز سے اپنی پہلی اننگز کا آغاز کیاتو دوسری وکٹ کے لیے مہمان ٹیم کے اوپنر مختار احمد اور ذیشان اشرف کے درمیان 113 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ 7 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے زین عباس نے 88رنز بنائے۔ذیشان اشرف 47 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔سدرن پنجاب کے مڈل آرڈر نے بھی شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقررہ 83 اوورز میں سدرن پنجاب کی ٹیم نے 6 وکٹوں کے نقصان پر 348 رنز بنائے۔ سلمان علی آغا نے 58 جبکہ محمد عمران نے ناقابل شکست 57 رنز بنائے۔محمد عمیر 2 رنز کی کمی سے نصف سنچری اسکور کرنے میں ناکام رہے۔خیبرپختونخوا کی جانب سے احمد جمال نے 3 اور اسد آفریدی نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔دوسری اننگز میں خیبرپختونخوا کا آغازکچھ زیادہ اچھا نہ رہا۔مہمان ٹیم کے باؤلر عطااللہ نے خیبرپختونخوا کے اوپنرز محمد نعیم سینئر اور اعتزاز حبیب خان کو 25 کے مجموعی اسکور پر پویلین واپس بھجوادیا۔ میزبان ٹیم کے تیسرے آؤٹ ہونے والے بیٹسمین احمد جمال تھے۔ وہ 2رنز بنا کر ذوالفقار بابر کی گیند پر ایل بی ڈبلیو آؤٹ ہوئے۔دن کے اختتام پر گوہر علی اور مہران ابراہیم کریز پر موجود ہیں۔دوسری اننگز میں خیبرپختونخوا کو 31 رنز کی برتری حاصل ہوچکی ہے۔

ادھر سندھ اور ناردرن کے درمیان نیشنل بنک اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں جاری میچ ڈرا کی جانب گامزن ہے۔ میچ کے دوسرے روزبارش کے باعث صرف 16.1 اوورز کا ہی کھیل ممکن ہوسکا۔ دن کے اختتام پر سندھ نے 8 وکٹوں کے نقصان پر 238 رنز بنائے۔ اس سے قبل میزبان ٹیم نے 6 وکٹوں کے نقصان پر 171 رنز سے اننگز کا آغاز کیا توسندھ کی جانب سے محمد وقاص جونیئر 27 اور اشعر قریشی کریز پر موجود تھے۔اشعر قریشی 24 رنز بنا کر نوید ملک کی گیند پر آؤٹ ہوگئے دوسری طرف محمد وقاص جونیئر 54 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تو بارش کے باعث میچ روک دیا گیا۔ان کی اننگز میں4 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ انہیں شاداب مجید نے آؤٹ کیا۔سندھ کی جانب سے حسن خان 13رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں۔ نوید ملک 6 رنز کے عوض 2وکٹیں حاصل کرکے ناردرن کے نمایاں باؤلر ہیں جبکہ سلمان ارشاداور اسامہ میر نے بھی 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486

W: www.pcb.com.pk